## سوال

(290) غلطی سے اپنی ماں کو مارا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گھریلو لڑائی جھگڑے کی وجہ سے میرے بھائی کا پاؤں پھسل گیا' بھائی کے اعصاب تانت کی مانند سخت ہوچکے تھے اوراس کا پاؤں ماں کی کمر پر لگ گیا جس کی وجہ سے اسے بہت شدید درد شروع ہوگیا تھا اورپھر بعد میں طبیب سے علاج کی وجہ سے اسے شفاء حاصل ہوگئی تھی ۔اگرچہ ماں نے درگزرکیا اورمعاف کردیا تھا لیکن اس کے باوجوداس کا ضمیر اسے ملامت کرتارہتا ہے ۔اب سوال یہ ہے کہ وہ کیا کرے جس سے اس کے ضمیر کا بوجھ ہلکا ہوجائے ۔اوروہ یہ محسوس نہ کرے کہ وہ عاق ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہماری رائے میں یہ شخص معذور ہے اوراس پھسلن کی وجہ سے ایسا ہوااورپھر اس کی ماں نے اسے معاف کردیا اور غلطی کی وجہ سے اس سے جوکچھ ہوااس میں اسے معذور سمجھتے ہوئے درگزرکیا ہے 'لہذااسے چاہیے کہ اپنے ضمیر کوبوجھل نہ سمجھے ۔والدہ سے حسن سلوک اور نیکی کا معاملہ کرے اوران کی مشکلات وغیرہ کے ازالہ کی کوشش کرے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ]

# ج4ص229

محدث فتویٰ